تنقید و تبصرہ

حج مسنون | تالیف مولانا حکیم محمد صادق صاحب ۔ سائز کتابی ۔ صفحات ۲۳۰ ۔ کتابت طباعت بہتر ۔ سرورق خوبصورت ۔ قیمت درج نہیں ۔

ناشر: دائرۃ التبلیغ پورہ پیراں ۔ سیالکوٹ شہر

حکیم صاحب کی یہ کتاب حج کے موضوع پر ہے اور جہاں تک تبلیغی اور تفہیمی حیثیت کا تعلق ہے اپنے مقصد میں کامیاب ہے ۔ حکیم صاحب موصوف کے انداز تالیف کی خوبیاں اس میں موجود ہیں ۔ دل نشیں طرز ادا ، سادہ لیکن جچا تلا استدلال ۔ جا بجا توحید خالص کی تبلیغ شرک و مروجہ رسوم سے بچنے کی تلقین ہے جنہوں نے عبادات کے چشمہ صافی کو گدلا بنا کر رکھ دیا ہے ۔

مناسک حج سے متعلقہ ادعیہ جلی قلم سے اور با اعراب و با حوالہ ہیں ۔ مدینہ شریف کے مبارک سفر کے آداب و مسائل پر مستقل باب ہے ۔ آخر میں بعض دوسری اہم مسنون دعاؤں کا بھی مختصر سا مفید انتخاب ہے ۔

جن خوش قسمت لوگوں کو حج بیت اللہ کی توفیق مرحمت ہو ان کو سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق فریضۂ حج ادا کرنے کے لئے کتاب "حج مسنون" راہنمائی کا کام بخوبی دے سکتی ہے ۔

تاریخ بیت اللہ | مؤلفہ مولانا ابو البیان سیف الرحمان صاحب سیف فیروز پوری (مولوی فاضل) سائز کتابی ۔ صفحات ۱۹۲ ۔ کتابت طباعت اچھی ۔ قیمت مجلد ۲/۸/-

ناشر: مکتبہ سیفیہ چک نمبر ۴۴/۲-ایل ڈاک خانہ چک نمبر ۳۲/۲-ایل ضلع منٹگمری

اس کتاب میں بیت اللہ شریف کی تعمیر ، غلاف ، دروازہ ، سیڑھی ، حجر اسود ، مقام ابراہیم اور صفا و مروہ کے کوائف کا عقیدت مندانہ اور دلکش تاریخ و تذکرہ ہے ۔

اس سلسلہ میں منکرین حدیث اور مغرب زدہ حلقوں کی طرف سے پیدا کردہ بعض شبہات کا بھی سلجھے ہوئے انداز میں ازالہ کیا گیا ہے ۔

کتاب گو مختصر ہے لیکن بیت اللہ شریف کے اجمالی تعارف کے لئے کافی مفید ہے ۔ بعض